# "سونے کے حصول کی راہ" دعائیہ نکات برائے 2016
## موسم گرما کے کھیلوں کے لیے دعا کریں
## 1-31 اِگست

### کھیلوں سے پہلے (1-5اِگست)

1 دِن سفر اور تیاری کے لیےدعا:دنیا بھرکے تمام وفود کی برازیل باحفاظت آمد کے لیے دعا کریں۔ اُن مقامات کی تیاری کے لیے دُعا کریں جہاں مقابلے منعقد ہونے ہیں۔ مقابلوں میں حصہ لینے والوں کی تربیت کے لیے دعا کریں۔ اُن وباؤں سے حفاظت کے لیے دُعا کریں جو اِن دنوں برازیل میں پھوٹ نکلی ہیں۔

2 دِن تحفظ کے لیے دعا کریں۔ اولمپکس کھیلوں کے گردونواح میں تمام انسانی سمگلنگ کے خاتمے اور تمام قصوروارں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے دعا کریں۔

3دِن تمام مستندخادمین کے لیے دعا کریں جو اولمپکس کے دوران "رلیجس سروس سنٹر " میں خدمات سر انجام دیتے ہیں اور اُن خادمین کے لیے جو مختلف وفود اورقومی ٹیموں کے لیے مقرر کیے گئے ہیں۔

4دِن برازیل کےلیے دعا کریں جو اولمپکس کی میزبانی کرتا ہے، منتظم کمیٹی کے لیے، اُن تما م معاشروں کے لیے جہاں اولمپکس کے کھلاڑیوں نے مقابلہ کرنا ہے یہ بھی کے تمام تر نقل و حرکت احسن طور پر ہو سکے ۔ دُعاکریں کے اولمپکس مقامی معشیت کے لیے برکت کا سبب ہوں۔

5دِن افتتاحی تقریب اور تمام شرکاء کے لیے دعا کریں ۔ دعا کریں کہ یہ کھیل ہر مرد و زن کو خداوندیسوع کا زندہ کلام سننے کا موقع فراہم کریں۔

### کھیلوں کے دوران (6-21 اِگست)

6دِن اولمپکس میں حصہ لینے والے تمام کھلاڑیوں کے لیے دعا کریں کیونکہ آج سے اُن کے مقابلوں کا آغاز ہو گا۔ ہر ایک کھلاڑی کے لیے دعا کریں کہ وہ اپنا بہترین کھیل پیش کر سکے۔

7 دِن دعا کریں کے تمام کھلاڑی دباؤ کے لمحات میں خدا کی جانب متوجہ ہوں نہ کہ منشیات ، دھوکہ بازی اور نہ ہی دوسروں کو چوٹ پہنچائیں۔

8دِن دعا کریں کہ اولمپکس تمام ممالک کی ٹیم کے اراکین اور حریفوں کے مابین یکجہتی کو برقرار رکھے ۔

9دِن اولمپکس کے معاون عملے کے لیے دعا کریں جو دیرگئے تک بغیر آرام کیے کام کرتے ہیں۔

10دِن دعا کریں کہ تمام اولمپکس کے کھلاڑی عاجزی و انکساری کے ساتھ مقابلہ کریں نہ کہ خود غرضی سے۔

11دِن دُعامیں خُدا سے التجا کریں کے اولمپکس ویلج میں مقرر خادمین سے بات چیت کے دوارن خُداوندکھلاڑیوں کے دِلوں کو اپنی طرف مائل کرے۔

12 دِن دعاکر یں اُن تمام اقوام کےاولمپکس کھلاڑیوں اور تماشائیوں کے لیے جہاں منادی پر پابندی عائد ہے کہ خُداوند الہیٰ طور پر ایسی مُلاقاتوں کا انتظام کرے کے وہ خوشخبری کو سُن سکیں۔

13دِن اُن بشارتی پراجکٹس کے لیے دُعا کریں جو سٹیڈیم کے گرد اگرد تماشائیوں اور مقامی لوگوں تک انجیل کی خوشخبری کو پہنچانے کے لیے شروع کیے گئے ہیں۔

14 دِن برازیل میں اولمپکس کے مختلف مقامات پر لوگوں کی باخفاظت آمدورفت کے لیے دعاکریں ۔

15 دِن ہر کھیل کے امپائراور آفیشلز کے لیے دعا کریں کہ خدا اُنہیں قوت بخشے، چوکنا بنائے اور یہ حوصلہ بخشے کے بہترین فیصلہ کر سکیں۔

16 دِن طِبی عملے کے لیے دعا کریں کہ خدا اُنہیں ذہنی اطمنان اور قوت دے تا کہ اولمپکس کے کھلاڑیوں کی احسن طور پر خدمت کر سکیں۔

17دِن اولمپکس میں شریک مسیحی کھلاڑیوں کے لیے دعا کریں کہ وہ اولمپکس ویلج اور مقابلے کے میدانوں میں نو ر اور نمک ثابت ہوں۔

18دِن اولمپکس میں کھلاڑیوں کے خاندانوں کے لیے دعا کریں کیونکہ اُن کے جذبات بھی اُتار چڑھاؤ کا شکار ہوتے ہیں۔

19دِن اولمپکس کے کھلاڑیوں کی ثابت قدمی کے لیے دعاکریں کیونکہ اُن میں سے ہر کوئی تمغہ نہیں جیت پائے گا۔

20دِن دعا کریں کہ اولمپکس میں شامل تمام کھلاڑی یسوع مسیح میں اپنی شناخت کو دریافت کر سکیں۔

21دِن دعاکریں کہ جیسے جیسےحتمی مقابلے قریب آتے ہیں تو ٹیموں کے درمیان ٹیم ورک مزید مُستحکم ہو سکے۔ اختتامی تقریب اور اس کے تمام شرکاء کے لیے دعا کریں۔

### کھیلوں کے بعد (22-31اِگست)

22دِن اُن تمام لوگوں کےلیے دعاکریں جو آج واپس اپنے گھروں کو روانہ ہوتے ہیں۔ اُن لوگوں کے سفر کی محافظت اور اس بات کے لیے دعا کریں کہ جب وہ اپنے گھر پہنچیں تو تمام گھروالے،دوست اور عزیزوقارب اُنہیں محبت اور خلوص سے اُن کا استقبال کریں۔

23دِن اُن لوگوں کے لیےدعا کریں جو کھیل کے پیشہ کو خیرآباد کرنے کو ہیں۔اُن کے لیے خاص دُعا کریں جب وہ کھیلوں میں اپنی شناخت کے کھو جانے ، اپنے نظم و ضبط کی زندگی کو خیر باد کہنے او ر ایسے کئی معاملات سے دوچار ہوتے ہیں جو اُن کے لیے دُکھ کا باعث ہوں گے۔ ایسے میں دُعا کریں کے وہ خُداوند یسوع مسیح کی طرف رجوع لائیں اور اُس میں اپنی حقیقی شناخت کو پا سکیں۔

24دِن اُس خدمت کے موثر فالو اَپ کے لیے دُعا کریں جو مختلف وفود ، ٹیموں اور چیپلنز نے رلیجس سروس سنٹر میں رہتے ہوئے سر انجام دی ۔

25دِن اولمپکس میں شامل تمام کھلاڑیوں اور کوچز کے لیے دُعا کریں کہ وہ اولمپکس سے حاصل ہونے والے اثر و رسوخ کو یسوع مسیح کی خوشخبری کے لیے استعمال کر سکیں۔

26دِن برازیلی قوم کےلیے دعا کریں کہ جب کہ انہیں صفائی ، تنظیم نو، مالیاتی بوچھاڑ اوردیگر فالواَپ کے مسائل درپیش ہیں۔

27دِن برازیلی کلیسیا کے لیے دعا کریں کہ جو اولمپکس کے کھیلوں کے دوران اپنی بشارتی سرگرمیوں کا فالواَپ کرتی ہےکہ وہ اِس کے پھل کو ابدیت میں دیکھ سکیں۔

28دِن اُن تمام کھلاڑیوں کے لیے دعا کریں جو مایوسی کے ساتھ اپنے گھر لوٹے اور جو نفسیاتی دباؤ کا شکار ہیں۔ اُن کےلیے بھی جو تمغےجیتےپر اُن کی جیت کھوکھلی اور اُدھوری ہےدُعا کریں کے وہ یسوع مسیح کے پاس آ سکیں جو اُن کی روح کو حقیقی سکون اور اطمینان دے سکتا ہے۔

29دِن مسیحیوں کے لیے دعا کریں کہ اُن میں کوچز اور کھلاڑیوں کی خدمت کا جذبہ اور چاہت پروان چڑھائے۔

30دن 7-18 ستمبر کو برازیل میں منعقد ہونے والی پیرااولمپکس کی تیاری کے لیے دعا کریں ۔ تمام مقابلہ کرنے والوں ،آفیشلز ، رضاکاروں اور منتظم کمیٹی کے لیے دعا کریں۔

31دِن پیرااولمپکس کے لیے دعا کریں اور اسی راہنما کتابچہ کو ستمبر میں پیرااولمپکس کے دوران دعا کے لیے استعمال کریں۔

## موسمِ گرما کے کھیلوں کے لیے دعائیں
## اثرورسوخ کے لیے دعا

---

### کھیل کے دوران خدا کی حضوری کا تجربہ کے لیے

آسمان وزمین کے خدا ۔
یہ دُنیا اور اِس دُنیا کی ہر ایک چیز باشمول سپورٹس تیری ہی ہیں ۔
میری ، تمام اولمپینز اور ایمانداروں کی زندگیوں میں تو حاضر اورفعال ہے۔
میں اس بات کا اقرار کرتاہوں کہ کھیل میرے دماغ کو قابو میں کر سکتا ہے اور تیری حضوری کی ہماری خواہش کو دبا سکتا ہے۔
ہماری روحوں کو بیدار کر اور اپنی قُربت کے لیے ہمارے فہم کو بڑھا۔
میں اور میرے ساتھی اولمپینز دعا کرتے ہیں کے کھیل کے پورے دن میں ہم تیری حضوری کو سُن دیکھ اور محسوس کر سکیں ۔
ہم جو بھی ہیں اور ہمارا جو کچھ بھی ہے سب تیرے حوالے کرتا ہوں اور تیری زندگی کو تبدیل کر دینے والی حضوری کا تجربہ حاصل کرنا چاہتا ہوں ۔
مسیح یسوع کے نام میں بھروسہ رکھتا اور دعا کرتا ہوں ،آمین۔

### کھیل کے دوران اولیمپینز کے لیے عبادت کی دُعا

اے باپ،
کھیل کی دُنیا تیرے جلال اور فضل سے بھر پور ہے ۔
ہر اولمپین کی زندگی تیری محبت بھری حضوری اور رحیم قدرت سے گھری ہوئی ہے ۔
میں اپنے دلوں کی سرکشی کا اقرار کرتا ہوں اور تیری رحیم معافی پر بھروسہ رکھتے ہیں۔
بخش دے کہ وہ اپنے خاموشی کے لمحات اورگرم جوشی کے وقت میں بھی خوش و خُرم رہیں۔
ہم غوروفکر اور مقابلہ دونوں کو سراہتے ہیں۔
ہر اولمپین کو تیری حضوری کی ضرورت ہے تاکہ تیری مرضی کو پورا کرنے کے لئے اُن کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔
آج کے دِن میں ہر ایک اولمپین اور اُن کی ہر کاوش جو وہ تیرے نام اور جلال کے لیے کرتے ہیں تجھے سونپتا ہوں
یسوع کے پاک نام میں ،آمین۔

### اولمپیک مقابلے سے پہلے کی دُعا

آسمان اور زمین کے قادرِمُطلق خُدا ،
آج کے مُقابلے میں ہر اولمپین اور اُن کے ساتھیوں کو - بھرپور کوشش کی ضرورت ہو گی۔
اُن کی مدد کر تاکہ اپنی بہترین صلاحتوں کو بروِ کار لاتے ہوئے مُقابلہ کر سکیں۔
اُن کو یک دِل ہونے کے لیے مدد عطا فرما۔
اُن کو عقل اور فہم عطا کر۔
اُن کو طاقت ،رفتار اور برداشت سے بھر دے۔
میں دُعا کرتا ہوں کہ اِس مُقابلے کےہر سیکنڈ میں وہ تیرا جلال ظاہر کریں۔
میں یسوع کے قویٰ نام میں یہ دُعا مانگتا ہوں،آمین۔

### اولمپیک مقابلے کے بعدکی دُعا

مہربان باپ،
اولمپینز کے کھیل کے دوران مقابلہ کرنےکا استحقاق عطا کرنے کے لئے میں تیرا شُکر ادا کرتا ہوں۔
مقابلے کے دوران تیری حضوری کے لئے میں تیرا شُکر ادا کرتا ہوں۔
میں ہر طرح کے حادثے سے حفاظت کے لئے تیرا شُکر ادا کرتا ہوں۔
میں اُمید کرتا ہوں کہ آج مُقابلے میں شرکت سے اُنھوں نے تیرا جلال ظاہر کِیا۔
میں اُن کی آج کی پرفارمنس اور نتائج کو تیرے کامل فہم کے سپُرد کرتا ہوں ۔
میں یسوع کے نام میں یہ دُعا مانگتا ہوں،آمین۔

### اولمپیک کے کھیل کے لئے شُکرگُزاری کی دُعا

مہربان باپ،
تمام اچھی چیزوں کا دینے والا تو ہی ہے۔
اولمپیک کھیل تیرے دئیے ہوئے تحفوں میں سے ایک بہترین تحفہ ہے۔
میں اُس خُوشی کے لئے تیرا شُکر ادا کرتا ہوں جو ہمیں اِس میں مِلی ہے۔
میں اُن مُشکلات کے لئے بھی تیرا شُکر ادا کرتا ہوں جِن کا ہمیں سامنا کرنا پڑا۔
میں اُن ساتھیوں کے لئے بھی تیرا شُکرادا کرتا ہوں جو تو نے تمام اولمپینز کو عطا کر رکھے ہیں۔
میں اُن کوچز کے لئے بھی تیراشُکرادا کرتا ہوں جو اِس میں راہنمائی کرتے ہیں۔
اِن مُقابلوں کے منتظم آفیشلز کے لئے بھی میں تیرا شُکر ادا کرتا ہوں۔
میں اُن قوائد و ضوابط کے لئے بھی تیرا شُکرادا کرتا ہوں جنھوں نے کھیل کے دوران رہنمائی کی۔
میں جسم،روح اور دماغ کے سکون کے لئے تیرا شُکرادا کرتاہوں۔
میں پورے دل سے آج کے سارے دِن اور اولمپکس کے تمام شُرکا کو تیرے ہاتھوں میں سونپتا ہوں ۔
مسیح یسوع کے قویٰ اور مقدس نام میں،آمین۔